Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

15 اپریل

عزیزی اہلِ خانہ:

ہم پچھلے چند ہفتوں کے دوران آپ کی لچک، تحمل، اور شراکت کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جب ہم نے ریموٹ لرننگ کے نفاذ کا آغاز کیا تھا۔ اب جبکہ ہم ریموٹ لرننگ کے اگلے مرحلے کی جانب بڑھ رہے ہیں، تعلیمی سال کے آخر تک تدریس اور خدمات فراہم کرنے کی تیاری کررہے ہیں، ہم ریموٹ تدریس اور خدمات کے بارے میں چند اہم معلومات بانٹنا چاہتے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بہت سے طلبا کے لیے، اپنی اصل اسکول عمارت میں اسکول نہ جانا مشکل ہے، لیکن ایسا ہمارے معذوریوں کے حامل طلبا کے لیے خاص طور پر ہے۔ ہم بقایا تعلیمی سال کے دوران آپ کے بچے کی ریموٹ لرننگ ماحول میں کامیابی کو یقینی بنانے میں ان کی ضروریات کے بارے میں آپ کے ساتھ ابلاغ کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔ یہ ذہن میں رکھتے ہوئے کہ والدین اور عملہ ہوسکتا ہے دوسروں کی دیکھ بھال کررہے ہوں اور / یا خود بیماری سے مقابلہ کر رہے ہوں، لچک داری اہم ہے۔ ہم تمام طلبا کو ان کی انفرادی ضروریات کے مطابق خدمات فراہم کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں، اور ہم اس عہد کو قائم رکھیں گے۔

**تعلیمی سال کے آخر تک ریموٹ تدریس اور خدمات کے بارے میں اہم حقائق**

- اس وقت کے دوران اسکول اور خاندانوں میں اکثر ابلاغ ہوگا۔ ابلاغ آپ کی گھریلو زبان میں ہوگا۔ اب تک، آپ کے اسکول نے آپ کے ساتھ ملکر آپ کے بچے کے لیے ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) پر مبنی ایک "خاص تعلیم ریموٹ لرنگ منصوبہ" بنا لیا ہوگا۔ اگر ابھی تک ایسا نہیں ہوا ہے، براہِ مہربانی اپنے بچے کے استاد سے یا اپنے بچے کے متعلقہ خدمات فراہم کنندہ سے رابطہ کریں اگر آپ کا بچہ صرف جو خدمات موصول کررہا ہے وہ متعلقہ خدمات ہیں۔ اگر آپ کامیاب نہیں ہوتے specialeducation@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا 311 کو کال کریں۔
- نوٹ کریں کہ معذوری کے حامل پری اسکول طلبا کے لیے، ریموٹ لرننگ منصوبے صرف ان بچوں کے لیے تیار کیے جارہے ہیں جو ایک ہم آہنگ ماحول میں خاص کلاس (SCIS) میں ہیں، یا DOE پروگراموں کی ایک خاص کلاس میں ہیں۔ پری اسکول طلبا جو متعلقہ خدمات یا صرف خاص تعلیم سفری استاد خدمات موصول کرتے ہیں، انہیں خدمات دور سے (ریموٹلی) فراہم کی جارہی ہیں۔
- ریموٹ لرننگ منصوبے:
  - وقت کے ساتھ ترمیم کی جاسکتی ہے، اس پر مبنی کہ اساتذہ، متعلقہ خدمات کا فراہم کنندگان، خاندان اور طلبا اس تجربے سے کیا سیکھتے ہیں، اور آپ سے مشورے کے بعد۔ اس مشاورت کا مقصد آپ کے ساتھ اس پر گفتگو کرنا ہے کہ آپ کے بچے کو ریموٹ تدریس میں مصروف کرنے کے لیے کیا درکار ہے (بشمول کسی ترمیمات کے) اور خدمات کس طرح فراہم کی جائیں گی۔
  - تیار / ترمیم کیے جانا چاہیئے اس پر توجہ دیتے ہوئے کہ آپ کا بچہ کتنا اسکرین ٹائم برداشت کرسکتا ہے، آیا ان کے کچھ یا تمام سیشنز میں آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کی خدمات اور تدریس میں ایک وڈیو جز شامل کیا جائے، اور آیا کہ تعدد اور دورانیہ جس پر آپ ابتدا میں متفق تھے وہ کام کررہا ہے یا نہیں۔
  - یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ وہ خدمات اور معاونتیں موصول کررہا ہے جو اسے درکار ہیں، ساتھ ہی آپ اور آپ کے خاندان کو اس مشکل وقت میں درکار لچک بھی فراہم کررہا ہے۔
- IEP اجلاس جاری رہیں گے اور بذریعہ فون انجام دیے جائیں گے۔ تشخیصات دور سے (ریموٹلی) انجام دی جاسکتی ہیں جہاں مناسب ہو۔ والدین پرنسپل کو ای میل کرکے حوالہ دے سکتے ہیں specialeducation@schools.nyc.gov یا 311 کو فون کریں۔ پری اسکول طلبا کے والدین CPSE سے رابطہ کرکے ایک حوالہ بنا سکتے ہیں۔
(https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/committees-on-special-education)
- اگر آپ نے ریموٹ متعلقہ خدمات جیسے، گویائی، جسمانی ورزش سے علاج اور جسمانی علاج کی فراہمی کے لیے ابھی تک اجازت نہیں دی ہے، یا مشاورت فراہم کرنے کی ایک پیشکش کو قبول نہیں کیا ہے اور ایسا کرنا چاہتے ہیں، براہِ مہربانی خدمات فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ اگر آپ نے پہلے خدمات کو مسترد کیا تھا، آپ کسی وقت بھی اپنا فیصلہ بدل سکتے ہیں؛ اپنی صورتِ حال کی تجدید کرنے کے لیے

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

اپنے بچے کے خدمات فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو اپنے بچے کے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کرنے میں مدد درکار ہے، ای میل کریں specialeducation@schools.nyc.gov یا 311 کو فون کریں۔

اگر آپ کے بچے کو ریموٹ تدریس اور ٹیلی تھیراپی میں حصہ لینے کے لیے ایک آلہ (ڈیوائس) درکار ہے اور ابھی تک ایک آلہ نہیں ملا ہے، آپ ذیل پر ایک سروے مکمل کرسکتے ہیں: coronavirus.schools.nyc/RemoteLearningDevices یا 718-935-5100 پر فون کریں اور 5 ڈائل کریں۔ اگر آپ نے پہلے ہی سروے مکمل کرلیا ہے لیکن ابھی تک ڈیوائس نہیں ملا، یا اگر آپ کے بچے کے IEP پر معاونتی تکنیک آلہ درج ہے اور انہیں ابھی تک نہیں ملا ہے، براہِ مہربانی ای میل کریںspecialeducation@schools.nyc.gov

براہِ مہربانی اس خط کے ساتھ منسلک COVID-19 کے دوران ہمارے خاندانوں کے لیے اکثر پوچھے جانے والے سوالات کا خاص تعلیم جز کی ایک کاپی ملاحظہ کریں اور ساتھ ہی وسائل کی ایک فہرست جو ہم نے آپ اور آپ کے بچے کی مدد کے لیے ترتیب دی ہے۔ یہ سوالات اور وسائل ذیل پر پائے جاسکتے ہیں: schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning اور ہم اس ویب سائٹ کی تجدید کرنا جاری رکھیں گے جیسے ہی مزید معلومات دستیاب ہوگی، بشمول 12-مہینے IEPs کے بارے میں۔ اگر آپ کے کسی وقت بھی کوئی سوالات ہوں براہِ مہربانی ای میل کریں specialeducation@schools.nyc.gov یا 311 کو فون کریں۔

ہم اس انتہائی مشکل وقت کے دوران آپکی شراکت کا شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

# معذوری کے حامل طلبا کے اہل خانہ کے لیے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## خاص تعلیم ریموٹ لرننگ منصوبہ کیا ہے؟

آپ کے اسکول نے آپ کے بچے کے لیے ایک ریموٹ لرننگ منصوبے کے بارے میں آپ سے رابطہ کیا ہوگا۔ ریموٹ لرنگ منصوبہ یہ خاکہ کشی کرتا ہے کہ اس بے نظیر بحران کے دوران خدمات کس طرح فراہم کی جائیں گی۔ ایسے منصوبے تشکیل دیتے وقت، آپ کے بچے کا IEP نقطئہ آغاز ہے اور آپکے تبصرات اہم ہیں۔ ریموٹ لرننگ منصوبے کا ہدف آپ کے بچے کو تدریس اور خدمات فراہم کرنا ہے جو اسکے IEP اہداف کی تکیمل کی جانب اسکی پیش رفت میں مدد کریں، یہ سمجھتے ہوئے کہ ہوسکتا ہے اکثر اوقات یہ فراہمی آپ کے بچے کے معمول کے شیڈول کی ہو بہو نقل نہ ہو۔ اگر آپ کو ابھی تک یہ منصوبہ موصول نہیں ہوا ہے یا اسکول سے اس پر بات چیت نہیں کی ہے، براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد اور / یا متعلقہ خدمات کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ ساتھ ہی، اگر کسی مقام پر، آپ کو احساس ہو کہ آپ کے بچے کا ریموٹ لرننگ منصوبہ اس کے لیے کام نہیں کررہا ہے، براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد اور / یا متعلقہ خدمات کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔ آپ specialeducation@schools.nyc.gov پر بھی ای میل کرسکتے ہیں اگر آپ کو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنے میں مدد درکار ہو۔

## کیا میرے بچے کے خاص تعلیم ریموٹ لرننگ منصوبے پر دوبارہ غور کیا جاسکتا ہے؟

جی ہاں، خاص تعلیم ریموٹ لرننگ منصوبے 20 اپریل والے ہفتے کے آغاز میں مکمل طور پر نافذ کیے جائیں گے، آنے والے ہفتے میں آپ کے فراہم کردہ تبصرات کی رہنمائی میں خدمات کے ساتھ۔ فراہم کنندگان آنے والے ہفتوں میں آپ کے بچے کی پیش رفت پر نظر رکھنے کے لیے آپ سے رابطے میں رہیں گے۔ ٹیلی تھیراپی میں منتقلی میں نہ ملنے والی کوئی بھی خدمات یا دیگر کسی مسائل سے ذاتی خدمات کے دوبارہ شروع ہوتے ہی جتنی جلد ممکن ہو نمٹا جائے گا۔

## میرا بچہ تدریس کس طرح موصول کرے گا؟

اگر آپ کے بچےکو مربوط باہمی تدریس، خاص کلاس، یا خاص تعلیم استاد معاونتی خدمات کے لیے تجویز کیا گیا ہے، اسکول ہر ممکن کوشش کرے گا کہ ان کو انہی خاص تعلیم استاد اساتذہ اور / یا استاد کی ٹیم (ٹیمیں)، کلاس روم پیشہ ورانہ معاون (معاونین) سے تعلیم موصول ہو جو عموماً ان کو تعلیم دیتے ہیں۔ آپ کے اسکول سے کوئی فرد آپ سے اس پر بات کرنے کے لیے رابطہ کرے گا کہ تدریس کس طرح فراہم کی جائے گی۔

## کیا میرا بچہ ابھی بھی اپنی متعلقہ خدمات موصول کرے گا؟

متعلقہ خدمات ٹیلی تھیراپی یا وڈیو کانفرنس کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جہاں تشخیصی طور پر مناسب ہوگا۔ فراہم کنندگان اور اسکول خاندانوں سے ہر طالب علم کے لیے خدمت کے منصوبے پر بات کرنے کے لیے رابطہ کریں گے۔ فراہم کنندگان خاندانوں کو ان سرگرمیوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کریں گے جو متعلقہ خدمات کام کو گھر پر تقویت دینے کے لیے کی جاسکتی ہیں۔

## متعلقہ خدمات کس طرح سے فراہم کی جائیں گی؟

ہم اپنے گویائی -لسانی علاج، ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج، اور جسمانی علاج فراہم کنندگان سے جب بھی ممکن اور مناسب ہو خدمات کو ایک آڈیو- وڈیو رابطے کے ذریعے فراہم کرنے کی کڑی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ کچھ طلبا کو ہوسکتا ہے کم اسکرین ٹائم کی ضرورت ہو یا بذریعہ فون فراہم کردہ خدمات سے مستفید ہوں، اور کچھ خاندان ان طریقوں کو ترجیح دے سکتے ہیں۔ تاہم اگر آپ کے بچے کی خدمات ایک وڈیو جز کے ذریعے فراہم نہیں کی جارہی ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ ایسا ہو، براہِ مہربانی اس پر اپنے بچے کے فراہم کنندہ سے بات کریں۔ مشاورت ایک آڈیو-وڈیو رابطے یا بذریعہ فون فراہم کی جاسکتی ہے۔ خاص تعلیم ریموٹ لرنگ منصوبے کو متفقہ خدمات کی فراہمی کے ذریعے کی عکاسی کرنی چاہیئے۔

## کیا میرے بچے کا IEP اجلاس ابھی بھی منعقد ہوگا؟

جی ہاں۔ IEP اجلاس بذریعہ فون انجام دیے جائیں گے۔

## کیا میں ابتدائی تشخیص یا مکرر تشخیص کے لیے حوالہ دے سکوں گا؟

والدین پرنسپل کو ای میل کرکے حوالہ دے سکتے ہیں specialeducation@schools.nyc.gov یا 311 کو فون کریں۔ اگر ضرورت ہوئی تو تشخیصات دور سے (ریموٹلی) انجام دی جاسکتی ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

## کیا میرے بچے کو ابھی بھی معاونتی تکنیک تک رسائی ہوگی؟

اسکول خاندانوں کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے کام کریں گے کہ معاونتی تکنیک کے لیے تجویز کردہ طلبا کے خاندانوں کو آلات فراہم کیے جائیں، اور اس کے انتظامات کرنے کے لیے خاندانوں سے رابطہ کریں گے۔

## اس وقت کے دوران میں اپنے بچے کی معاونت کے لیے وسائل کہاں پا سکتا ہوں؟

گھر پر علم حاصل کریں
schools.nyc.gov/learn-at-home

ریموٹ لرننگ کے لیے معلومات
schools.nyc.gov/learn-at-home/information-on-remote-learning

معاونتی تکنیک
schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students/diverse-learning-for-special-populations/assistive-technology

جسمانی ورزش سے علاج
schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students/diverse-learning-for-special-populations/occupational-therapy-supporting

جسمانی علاج
schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students/diverse-learning-for-special-populations/physical-therapy-supports

گویائی علاج
schools.nyc.gov/learn-at-home/activities-for-students/diverse-learning-for-special-populations/speech-therapy-supports

پروجیکٹ کو سیکھنے کے لیے مستعد ہوں
thegetreadyproject.com/copy-of-ready-breaks

خدمات کی فراہمی کے لیے ایک نئے آن لائن پلیٹ فارم پر منتقلی کے وسائل
How to Get Started in Microsoft Teams
How to Get Started in Google Classroom